تعزیتی مکتوب

مولانا محمد سلیم چنیوٹی
ہفت روزہ الاعتصام
لاہور

برادر گرامی قدر حافظ فاروق الرحمٰن یزدانی صاحب حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محب مکرم جناب محمد رمضان یوسف سلفی علیہ الرحمہ بھی اس دنیائے دوں میں چلے گئے جہاں سب انسانوں نے یقیناً اپنے اپنے وقت پہ جانا ہے۔

7 دسمبر 2016ء کی شام آپ نے موبائل پہ ان کی خبر وفات سنائی تو آنکھیں آنسو بہانے لگیں اور دل مغموم ہوگیا۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون)

مرحوم ایک محبت کرنے والے اور بے لوث شخصیت کے مالک قلم دوست آدمی تھے۔ ہفتہ میں ایک دو مرتبہ موبائل فون پر رابطہ کر لیتے اگر ان کی طرف سے فون نہ آتا راقم انہیں یاد کر لیتا ہفت روزہ الاعتصام لاہور میں میرے تبصرہ کتب جو سیدھے سادے الفاظ میں اور عام فہم ہوتا پر حوصلہ افزائی فرمایا کرتے۔ اللہ تعالیٰ غریق رحمت فرمائے ہمارے مخدوم گرامی حضرت مولانا محمد اسحاق بھٹی علیہ الرحمہ کو کہ ان کی محبتیں اور شفقتیں بھی ہمارے ساتھ تھیں اور ہماری تحریروں پر خوش ہوا کرتے اور حوصلہ افزائی کا سامان فراہم کرتے تھے۔ اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند کرے۔ آمین

جناب بھٹی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اسلوب تحریر کا رنگ جناب رمضان سلفی رحمہ اللہ کی تحریروں میں بھی نظر آتا تھا۔ ابھی 22 دسمبر 2015ء کو یہ محفل صحافت کو سونا سونا سا کر گئے تھے کہ ایک سال کے قلیل عرصے میں ہمارے محبّ جناب سلفیؒ بھی مرحوم ہو گئے۔ اللھم اغفر لہ وارحمہ

سلفی مرحوم کی وفات اہل حدیث رسائل و جرائد میں ایک مقبول مضمون نگار کی اچھی خاصی جگہ خالی کر گئی ہے۔ یقیناً یہ غم اہلحدیث صحافت کا غم ہے اہلحدیث لکھاریوں کے لیے ان کی جدائی دعاؤں اور درجات کی بلندی کی متقاضی ہے اب وہ اس جہاں سے اس جہاں چلے گئے جہاں سب انسانوں نے سفر کرنا ہے۔ اللہ کریم و عظیم مرحوم کے غم خوار گھرانے اور ان کے بچوں کا حامی و ناصر ہو اور جنت الفردوس میں مرحوم کو مقام نصیب کرے۔ ادارہ الاعتصام مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا گو ہے۔

والسلام مع الاکرام

محمد سلیم چنیوٹی منیجر ہفت روزہ الاعتصام 31 شیش محل روڈ لاہور